Official Spokesperson's response to a media query regarding comments made on recent incidents of violence in Delhi

February 27, 2020

دہلی میں تشدد کے حالیہ واقعات پر تبصرے کے بارے میں میڈیا کے سوال پر سرکاری ترجمان کا جواب

27 فروری، 2020

دہلی میں تشدد کے حالیہ واقعات پر تبصرے کے بارے میں میڈیا کے سوال کے جواب میں، سرکاری ترجمان جناب رویش کمار نے کہا،

"ہم نے دہلی میں ہونے والے تشدد کے حالیہ واقعات کے بارے میں یو ایس سی آئی آر ایف، میڈیا کے کچھ اطراف اور چند افراد کی طرف سے دیئے گئے تبصرے دیکھے ہیں۔ یہ حقیقت میں غلط اور گمراہ کن ہیں، اور ان کا مقصد معاملے کو سیاسی رخ دینا ہے۔ ہمارے قانون نافذ کرنے والے ادارے تشدد کی روک تھام اور اعتماد اور معمول کی بحالی کو یقینی بنانے کے لئے زمین پر کام کر رہے ہیں۔ حکومت کے سینئر نمائندے اس عمل میں شامل ہیں۔ وزیر اعظم نے عوامی طور پر امن اور بھائی چارے کی اپیل کی ہے۔ ہم درخواست کر رہے ہیں کہ اس حساس وقت پر غیر ذمہ دارانہ تبصرے نہ کئے جائیں"۔

نئی دہلی

27 فروری، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.